فوری ریلیز کے لیے: 27/9/2022

***گورنر KATHY HOCHUL***

# ***گورنر HOCHUL نے طبی تحقیق کے لیے فینسٹین انسٹی ٹیوٹس کو $10 ملین کے پہلے لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ ایوارڈ کا اعلان کیا***

## ***LIIF فنڈنگ کے ساتھ اضافی ریاستی سرمایہ کاری لانگ آئی لینڈ پر حیاتیاتی علوم کی معیشت کو بڑھانے کے لیے $40 ملین کی نمائندگی کرتی ہے***

## ***مشترکہ 60,000 مربع فٹ کی تبدیل کی گئی جگہ طبی اور متعدی امراض کی تحقیق میں معاونت کرتی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج $350 ملین کے لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کی پہلی گرانٹ فینسٹین انسٹی ٹیوٹس برائے طبی تحقیق کو ایوارڈ کیے جانے کا اعلان کیا ہے تاکہ طبی اور متعدی امراض کی تحقیق میں معاونت کے لیے 40,000 مربع فٹ نئی جدید ترین لیب کی تعمیر کی جائے۔ $10 ملین لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کی گرانٹ اضافی $30 ملین ریاستی امداد کی تکمیل کرتی ہے جو اس سے قبل فینسٹین انسٹی ٹیوٹس کو دی گئی تھی تاکہ اپنےانسٹی ٹیوٹ برائے بائیو الیکٹرک میڈیسن کے 20,000 مربع فٹ کو جدید بنایا جائے، جس کا افتتاح آج گورنر Hochul نے کیا ہے۔ ریاست نیویارک کی امداد، مینہاسیٹ، نساؤ کاؤنٹی میں فینسٹین انسٹی ٹیوٹس برائے طبی تحقیق میں $85 ملین سے جدت کاری کی کوششوں کا ایک حصہ ہے، اور لانگ آئی لینڈ پر بڑھتی ہوئی حیاتیاتی علوم کی صنعت کو اجاگر کرنے کی جانب ایک وسیع تر اقدام ہے۔ فینسٹین انسٹی ٹیوٹس، نارتھ ویل ہیلتھ کا تحقیقی شعبہ ہے اور یہ ملک کی معروف لیبارٹری اور تحقیقی مراکز میں سے ایک ہے، جہاں بیماریوں کا علاج کرنے کی کوشش کرنے والے جدید مطالعات منعقد کروائے جاتے ہیں۔

"نیویارک طبی اختراع میں آگے بڑھ رہا ہے، اور لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ سے حیاتیاتی علوم کی صنعت کے جدید ترین حصے پر زندگی بچانے والی تحقیق میں معاونت کی جائے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "انسٹی ٹیوٹ برائے بائیو الیکٹرانک میڈیسن میں ہماری سرمایہ کاری سے پہلے ہی نیویارک کے باشندوں کی روزمرہ زندگیوں میں بہتری آ رہی ہے، اور آج اعلان کردہ اضافی لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کے ایوارڈ سے، صحت اور طبی تحقیق کے شعبوں میں ملک کی رہنمائی کرنے کے لیے ہمارے عزم کی ایک دفعہ پھر تصدیق ہوتی ہے۔ فینسٹین انسٹی ٹیوٹس اور ان کی تحقیق کی حمایت کرنے پر مجھے فخر ہے، جو زندگی کو بدلنے والی ادویات اور علاج کا باعث بنے گی جس کے نتیجے میں لانگ آئی لینڈ اور ریاست بھر میں نیویارک کے باشندوں کی زندگیوں میں بہتری آئے گی۔"

گورنر Hochul کے مالی سال (FY 2023) کے نافذ کردہ تاریخی بجٹ کے ایک حصے کے طور پر شامل، لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ سے ان پروجیکٹس پر توجہ مرکوز کی جائے گی جو علاقائی معیشت کو سہارا دیں گے اور اس میں اضافہ کریں گے، کمیونٹیز کو بہتر بنائیں گے اور سارے لانگ آئی لینڈ پر دیرپا معاشی اثرات مرتب کریں گے۔ فینسٹین انسٹی ٹیوٹس برائے طبی تحقیق کے لیے فنڈ کے $10 ملین کے ایوارڈ سے دو منزلوں پر مشتمل 26 نئی جدید ترین تحقیقی لیبز کی تزئین و آرائش اور تعمیر کے ساتھ 10 نئے پرنسپل تفتیش کاروں اور 60 تحقیقی ملازمین کی خدمات حاصل کرنے میں معاونت کی جائے گی۔ ان جدید لیبز سے کینسر، ذیابیطس، موٹاپا، لیوپس اور دیگر شکایات کے لیے نئے علاج تیار کرنے کی خاطر تحقیقی کوششوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ سے خطے کو حیاتیاتی علوم کی صنعت کے پاور ہاؤس کے طور پر مزید بڑھانے کے لیے حکمتِ عملی سے کی گئی ایک سرمایہ کاری کی نمائندگی ہوتی ہے، جو نیویارک ریاست کی معیشت کا ایک اہم محرک ہے۔ فینسٹین انسٹی ٹیوٹس زندگی میں تبدیلی لانے والی طبی دریافتوں اور علاج معالجے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں جن کی مدد سے ہماری روزمرہ کی زندگی کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ESD کو فینسٹین انسٹی ٹیوٹ جیسی بامقصد حیاتیاتی علوم کی کمپنیوں کی ترقی کی حمایت کرنے پر فخر ہے، جن کا کام ایک صحت مند اور مضبوط امپائر سٹیٹ کی تعمیر کے لیے اہمیت کا حامل ہے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین Kevin Law نے کہا،** "گورنر Hochul کی قیادت کے تحت، لانگ آئی لینڈ میں معاشی ترقی کو متحرک کرنے کے لیے، نیویارک کی جانب سے زبردست سرمایہ کاریاں کی جا رہی ہیں۔ لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ سے خطے کو ترقی کرنے اور عالمی اختراعی معیشت میں نیویارک کی قیادت کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔ فینسٹین انسٹی ٹیوٹس کو فنڈ کے 10$ ملین کے ایوارڈ سے حیاتیاتی علوم کے بڑھتے ہوئے ماحولیاتی نظام کے لیے ہماری وابستگی کی توثیق ہوتی ہے جس کی معاونت سے کایا پلٹ کرنے والی طبی دریافتوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔"

فینسٹین انسٹی ٹیوٹس، بائیو الیکٹرانک میڈیسن کا عالمی سائنسی گڑھ ہے، جو ایک ترقی پاتا ہوا سائنسی شعبہ ہے جس میں جسم کے اعصابی نظام کے اندر برقی سرگرمی کو پڑھنے اور ان میں ترمیم کرنے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جاتا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف بائیو الیکٹرانک میڈیسن کی نئی، جدید لیبز ایسے علاج تلاش کرنے میں مدد کریں گی جن سے ادویات کی ضرورت کم ہو جائے، تکلیف دہ ضمنی اثرات کم ہوں، اور ان لوگوں کو زندگی کی رعنائیاں لوٹ آئیں جو تکلیف کا شکار ہیں۔ اس کی لیبارٹریوں سے ابتدائی دریافتیں سامنے آئی ہیں، جو کہ ریوماٹائیڈ گٹھیا، ذیابیطس، فالج اور یہاں تک کہ کینسر جیسے امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے بھی علاج کے نئے امکانات کے در کھولتی ہیں۔ بائیو الیکٹرانک میڈیسن میں کلینکل مطالعات سے فالج کے شکار لوگوں کے ہمراہ پہلے ہی کچھ نتائج اخذ کیے جا چکے ہیں: جلد سے زیادہ ریڑھ کی ہڈی کے تحریکی حصے کو استعمال کرنے والی حالیہ تحقیق کی مدد سے شرکاء کے لیے یہ ممکن ہوا کہ انہیں حرکت کرنے اور محسوس کرنے کی صلاحیت دوبارہ حاصل ہو جائے۔

انسٹی ٹیوٹ آف بائیو الیکٹرانک میڈیسن کی تزئین و آرائش میں لیب بینچ کی گیلی جگہ، ٹشو کلچر کے متعدد کمرے، کولڈ اسٹوریج کی جگہیں، محققین کے لیے ورک سٹیشنز، اور ایک بالکل نئی بائیو سیفٹی لیول 3 کی سہولت گاہ شامل ہے تاکہ متعدی بیماریوں اور دیگر پیچیدہ وائرسوں، جیسے کہ COVID-19 پر نئی تحقیق کو ممکن بنایا جائے۔ اس توسیع سے 13 نئے پرنسپل تفتیش کاروں اور 100 نئے تحقیقی ملازمین کی خدمات حاصل کرنے کی بھی معاونت ملتی ہے۔

**فینسٹین انسٹی ٹیوٹس کے صدر اور CEO Dr. Kevin Tracey نے کہا،** "فینسٹین انسٹی ٹیوٹس میں ہر روز سائنسی ترقی انجام پاتی ہے۔ مناسب سہولیات اور آلات کے ساتھ، ہم اس پیش رفت کو مزید آگے بڑھانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ ہم گورنر کے اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہماری نئی جگہ کی فنڈنگ کی ہے، اور ہم اپنی شاندار طبی تحقیق کو جاری رکھنے کے منتظر ہیں جس کی مدد سے لانگ آئی لینڈ میں ہماری کمیونٹیز اور اس کے علاوہ لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔"

**نارتھ ویل صحت کے صدر اور Michael Dowling ،CEO نے کہا،** "گورنر Hochul اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے ذریعے ممکن ہونے والی، اس نئی سہولت گاہ اور اس کے وسائل سے فینسٹین انسٹی ٹیوٹس - نارتھ ویل میں تحقیق کے گڑھ اور بائیو الیکٹرانک میڈیسن کے عالمی سائنسی مرکز میں ہمارے محققین کے لیے ممکن ہو گا کہ - جن کمیونٹیز کی ہم خدمت کرتے ہیں ان کے لیے بیماری کو ٹھیک کرنے اور صحت کو بہتر بنانے کے لیے نئے علاج دریافت کرنے کے اپنے مشن کو آگے بڑھائیں۔"

لانگ آئی لینڈ، بائیو الیکٹرانک میڈیسن میں نئی تحقیق اور دریافتوں کے اعتبار سے، حیاتیاتی علوم کی صنعت کی صفِ اول میں شامل ہے - یہ ایک نیا سائنسی شعبہ ہے جس نے لانگ آئی لینڈ پر جنم لیا اور توانا ہوا - اس شعبے سے دنیا کے بہترین اور قابل ترین محققین اور معروف اسٹریٹجک شراکت داروں کو اس کی جانب کشش محسوس ہو گی

تاکہ وہ زندگیاں تبدیل کرنے والے علاج تیار کر سکیں۔ حیاتیاتی علوم کی صنعت، ریاست نیویارک کے لیے ترقی اور اختراع کا ایک طاقتور انجن بن گئی ہے، جس نے ریاست کے اہم علاقوں کو حیاتیاتی علوم کے متحرک مراکز میں تبدیل کر دیا ہے۔ اگلی سائنسی یا طبی پیش رفت کی نشاندہی کرنے کے لیے حیاتیاتی علوم میں سرمایہ کاری کرنا بہت ضروری ہے جو زندگی بچانے والی نئی ٹیکنالوجیز تیار کریں گی۔ فینسٹین انسٹی ٹیوٹس کی ترقی کی معاونت کے ذریعے، نیویارک میں تحقیق کو تجارتی سطح پر لے جانے اور لانگ آئی لینڈ اور ریاست بھر میں عالمی معیار کی حیاتیاتی علوم کی صنعت کی ترقی کو فروغ دینے کی اپنی صلاحیت کو بڑھایا جا رہا ہے۔

**لانگ آئی لینڈ علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کی شریک صدور Linda Armyn، چیف سٹریٹجی اور مارکیٹنگ افسر برائے بیتھ پیج وفاقی کریڈٹ یونین اور فارمنگ ڈیل سٹیٹ کالج کے صدر Dr. John Nader نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ پر حیاتیاتی علوم کی صنعت کی توسیع میں نیویارک کی سرمایہ کاری اس بات کا ثبوت ہے کہ نیویارک کے لوگوں کی مدد کرنے والی اہم سائنسی تحقیق کی حمایت کے لیے گورنر Hochul پُرعزم ہیں۔ لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کے تحت اس پہلے ایوارڈ کے ساتھ، LIREDC کو فینسٹین انسٹی ٹیوٹس برائے طبی تحقیق اور ان کے جدید ترین علاج اور حل کے طریقوں کی معاونت کرنے پر فخر ہے جن کا مقصد یہ ہے کہ زندگیوں کو بہتر بنایا جائے اور بچایا جائے۔"

**ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا،** "ریاست نیویارک کی جانب سے نجی شعبے کے ساتھ شراکت میں سمارٹ سرمایہ کاری کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جس کے طفیل لانگ آئی لینڈ کی حیاتیاتی علوم کی صنعت بڑھ رہی ہے اور ترقی کی منازل طے کر رہی ہے، ہماری کمیونٹی کے لیے بہترین ملازمتیں مہیا ہو رہی ہے، اور ایسی جدت طرازی کو آگے بڑھا رہی ہے جس کے نتیجے میں ہمارے دنیا ایک بہتر جگہ بنتی جا رہی ہے. میں نے لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کو اس سال کے ریاستی بجٹ میں شامل کرنے کے لیے جدوجہد کی ہے کیونکہ ہمیں اپنی کمیونٹی میں ایسی سمارٹ سرمایہ کاریوں کو جاری رکھنے کی ضرورت ہے جس پر ہماری بہت سی طاقتیں قائم ہو سکیں اور ہمارے علاقے کو نجی سرمایہ کاروں اور ملازمتیں پیدا کرنے والوں کے لیے اپنی منڈی قائم کرنے کے لیے مزید پرکشش بنایا جائے اور مقامی طور پر اپنے کام کو وسعت دی جائے۔ مجھے بے حد خوشی ہے کہ، اس فنڈ کی بدولت، عالمی معیار کے فینسٹین انسٹی ٹیوٹس برائے طبی تحقیق کے لیے ممکن ہو گا کہ یہاں مینہاسیٹ میں اپنے انسٹی ٹیوٹ آف بائیو الیکٹرانک میڈیسن کو جدید بنائیں جہاں بیماریوں کے علاج اور دنیا کو تبدیل کرنے کے لیے ناقابل یقین کام کیا جا رہا ہے۔"

**رکن اسمبلی Gina L. Sillitti نے کہا،** " طبی برادری کے لیے اپنے تعاون کے لیے فینسٹین انسٹی ٹیوٹس برائے طبی تحقیق کا مرکز برائے بائیو الیکٹرانک میڈیسن عالمی شہرت کا حامل ہے اور اپنے طریقے سے شعبے کی رہنمائی کا کردار نبھا رہا ہے کہ ہم مریضوں کا علاج کیسے جاری رکھیں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے نہ صرف ہماری کمیونٹی میں اس اہم سرمایہ کاری کی معاونت کی ہے بلکہ اس بات کو یقینی بنانے میں بھی مدد کی کہ لانگ آئی لینڈ طبی تحقیق کی صنعت میں ایک رہنما کے مقام پر فائز رہے۔"

**<u>لانگ آئی لینڈ کے مستقبل میں سرمایہ کاری کرنا</u>**

آج لانگ آئی لینڈ سرمایہ کاری فنڈ کی 10$ ملین کی گرانٹ کا اعلان کیا گیا ہے جو لانگ آئی لینڈ کے لیے تاریخی اقدامات اور سرمایہ کاریوں کی تکمیل کرتی ہے:

- 157$ ملین کی سرمایہ کاری -- اب تک ریاستی شاہراہوں کی 300 لین میل کی مرمت۔
- سکول کی امداد کے لیے 457$ ملین سے زائد - مالی سال 2022 کے مقابلے میں 12.7 فیصد اضافہ۔
- نشے کے علاج، بحالی اور روک تھام کی خدمات کے لیے 63$ ملین۔
- لانگ آئی لینڈ کے 494,000 گھریلو مالکان کے لیے 1,300$ کے اوسط منافع کے ساتھ گھریلو مالک کے لیے ٹیکس چھوٹ کا کریڈٹ۔
- نیویارک کے ساحلی ہوا کے بنیادی ڈھانچے اور سلسلہ فراہمی کی ترقی کے لیے 500$ ملین - جس سے بالآخر 2,000 سے زیادہ سر سبز ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

- لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے تاریخی تھرڈ ٹریک پروجیکٹ کو مکمل کرنے سے، زیادہ کثرت سے ٹرینوں کا چلنا ممکن ہوتا ہے اور LIRR مسافروں کو ایک ہموار سفر میسر آتا ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418